سوال

یاجمیل کہنے کا حکم

جواب

یاجمیل کہنے کا حکم السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ اللہ تعالی کے ۹۹ صفاتی نام ہیں اوران میں سے الجمیل نام نہیں ہے، توکیا یاجمیل کہہ سکتے ہیں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! حدیث مبارکہ میں اللہ کا نام جمیل بھی آیا ہے، لہذا آپ یہ نام لے سکتے ہیں، کیونکہ اللہ تعالی کے سارے نام قرآن میں نہیں ہیں، بلکہ بعض نام احادیث مبارکہ میں بھی موجود ہیں۔ جیساکہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: إن اللہ جمیل یحب الجمال (مسلم: 91) بے شک اللہ تعالی خوبصورت ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے۔ اوراگر آپ کسی جمیل نامی انسان کو بلانا چاہتے ہی جو آپ کے پاس موجود ہے اور آپ اس کے بارے میں علم غیب کا بھی کوئی عقیدہ نہیں رکھتے ہیں تواس جمیل نامی آدمی کو آپ یاجمیل کہہ کر بلاسکتے ہیں، کیونکہ "یا" حرف ندا ہے جس کے ساتھ کسی بھی حاضر آدمی کو آواز دی جاسکتی ہے۔ لیکن اگر وہ بندہ وہاں سے غائب ہے اور آپ اس کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ وہ ہر جگہ میری بات سن سکتا ہے تو پھر یاجمیل کہنا حرام اور شرک ہوگا۔ کیونکہ علم غیب صرف اللہ کو جو ہر جگہ ہر انسان کی سنتا ہے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی